جماعت (9th) اردو (لازمی)

اُردو (لازمی) — S.S.C (9th) 1st Annual 2023 — وقت : 2:10 گھنٹے

پرچہ : I — گروپ : پہلا — انشائی — نمبر : 60

www.ilmkidunya.com

حصہ دوم

2۔ درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کیجیے (تین اشعار حصہ نظم اور دو حصہ غزل سے): 6=2x3

(حصہ نظم)

i. جو نغمہ زن تھے خلوتِ اوراق میں طیور — رخصت ہوئے ترے شجرِ سایہ دار سے

ii. سب جیتے ہیں گھر گھر لے ماہ تا بہ ماہی — یہ رنگ کون رنگے تیرے سوا الٰہی!

iii. تری راہ میں خاک ہو جاؤں مر کر — یہی میری حرمت، یہی آبرو ہے

iv. آفاق میں پھیلے گی کب تک نہ مہک تیری — گھر گھر لیے پھرتی ہے پیغام، صبا تیرا

(حصہ غزل) 4=2x2

i. رُخ و زلف پر جان کھویا کیا — اندھیرے اجالے میں رویا کیا

ii. جان تم پر نثار کرتا ہوں — میں نہیں جانتا دُعا کیا ہے

iii. ان حسرتوں سے کہہ دو کہیں اور جا بسیں — اتنی جگہ کہاں ہے دلِ داغ دار میں

حصہ سوئم

3۔ درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ خط کشیدہ الفاظ کے معانی، سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے: 10=2x5

(الف) تشریف آوری کی خبر مدینے میں پہلے پہنچ چکی تھی۔ تمام شہر ہمہ تن چشمِ انتظار تھا۔ معصوم بچے فخر اور جوش میں کہتے پھرتے کہ پیغمبر خاتم النبیین ﷺ آرہے ہیں۔

(ب) ماہرین کا خیال ہے کہ بُلبل کے گانے کی وجہ اس کی غمگین خانگی زندگی ہے، جس کی وجہ یہ ہر وقت گاتا ہے۔ دراصل بُلبل ہمیں محظوظ کرنے کے لیے ہرگز نہیں گاتی، اُسے اپنے فکر ہی نہیں چھوڑتے۔

4۔ درج ذیل سوالات میں سے کوئی سے پانچ کے مختصر جوابات دیجیے: 10

i۔ خواجہ صاحب اپنے اس شاگرد سے کیا کہا کرتے تھے، جو اکثر بے روزگاری کی شکایت سے سفر کا ارادہ کیا کرتے تھے؟

ii شیخ جمن نے فیصلہ سناتے ہوئے انصاف کے اصولوں کو کہاں تک پورا کیا؟

iii۔ تجمل نے اختر کو کون سی خوشخبری سنائی تھی؟

iv اُلّو کو اپنے بچوں کی تعلیم و تربیت سے دلچسپی کیوں نہیں ہے؟

v۔ دیہاتی لڑکا پہلے دن سکول گیا تو اس نے کیسا لباس پہن رکھا تھا؟

vi نصاب میں شامل نظم 'حمد' میں شاعر نے اللہ تعالیٰ کی کون کونسی صفات بیان کی ہیں؟

vii۔ گلزار کے بھیگنے اور سبزے کے نہانے سے کیا مراد ہے؟

viii بلبل کو باغباں اور صیاد سے کیا گلہ ہے؟

5۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 5

(i) ہجرتِ نبوی ﷺ (ii) ملکی پرندے اور دوسرے جانور

6۔ نصاب میں شامل نظم 'نعت' کا مرکزی خیال / خلاصہ لکھنے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 5=1+4

7۔ مالک مکان کے نام خط لکھیے جس میں اسے مکان کی مرمت کی طرف توجہ دلائیے۔ یا

پوسٹ ماسٹر کے نام، ڈاکیے کی شکایت کے لیے درخواست لکھیے۔

8۔ 'سچ کی برکت' کے عنوان پر کہانی تحریر کیجیے۔ یا

دکاندار اور خریدار کے درمیان مکالمہ تحریر کیجیے۔

9۔ درج ذیل جملوں کی دُرستی کیجیے۔

i۔ مجھ نے یہ نہیں کیا تھا۔

ii۔ میں نے کتاب کو پڑھا۔

iii۔ عورتوں نے کہا ہم آگئی ہیں۔

iv۔ سامان، مکانات، دکانیں سب کچھ جل گئے۔

v۔ عید کا سورج ہونا۔ یا

درج ذیل جملوں کی تکمیل کیجیے۔

i۔ آخ تھو----------

ii۔ سوت نہ کپاس----------

iii۔ ظلم کی ٹہنی----------

iv۔ دل کو دل----------

v۔ ڈوبتے کو تنکے----------